**10/01/2025**

**07.40 PM**

**Signature Tune**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائنز

پہلے خاص خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

☆............صدر جمہوریہ نے 18 ویں پرواسی بھارتیہ دِوس کنونشن کی اختتامی تقریب سے کیا خطاب// 17 این آر آئیز کو کیا اعزاز سے سرفراز۔

☆............وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کو 2047 تک ترقی یافتہ بنانے کیلئے تمام مسائل کو حل کرنے کی ضرورت پر دیا زور۔

☆............وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے حکمرانی کے عمل میں جوابدہی اور شفافیت کو فروغ دینے کیلئے آن لائن RTI پورٹل کا کیا افتتاح۔

اور

☆............ عالمی ہندی دِوس آج // لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ہندی زبان کے تحفظ اور ترویج پر دیا زور۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بیرون ملک رہائش پذیر بھارتی عالمی برداری کے سامنے بھارت کی ایک صحیح تصویر پیش کرتے ہیں۔ بھوبنیشور کے جنتا میدان میں آج 18 ویں پرواسی بھارتی دِوس کنونشن کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ لوگ ملک کے عزت و وقار میں اضافہ کرتے ہیں۔
اس موقعے پر انہوں نے مختلف شعبوں میں بہتر کارکردگی دکھانے والے بھارتیہ Diaspora کے 17 ارکان کو پرواسی بھارتیہ سمان سے سرفراز کیا۔ اس تقریب پر کئی مرکزی وزراء کے علاوہ اُڑیشہ کے گورنر اور وزیر اعلیٰ بھی موجود تھے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وہ سال 2047 تک وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے تمام مسائل کا حل چاہتے ہیں۔ آج ایک معروف کارخانہ دار نکھل کامت کے ساتھ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ سماجی انصاف اور سیکولرازم کیلئے سرکاری اسکیمیں کلیدی اہمیت کی حامل ہیں اور ان اسکیموں کی سو فیصد عمل آوری کو یقینی بنایا جانا چاہئے۔
وزیر اعظم نے کہا کہ سیاست میں کامیاب ہونے کیلئے محنت اور لگن کے ساتھ کام کرنے نیز خود کو لوگوں کیلئے وقف کرنے کی ضرورت ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے حکمرانی کے عمل میں شفافیت اور جوابدہی کو فروغ دینے کی ایک کڑی کے طور پر آج سول سیکریٹریٹ جموں میں حق جانکاری سے متعلق آن لائن پورٹل کا آغاز کیا۔ اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی اس پہل سے شہریوں کو با اختیار بنانے اور انہیں ایک موثر طریقے کے ذریعے سے RTI ایکٹ کے تحت سرکاری انفارمیشن تک رسائی حاصل ہوگی۔
انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ لوگوں کو اس آن لائن پورٹل کے فوائد سے روشناس کرانے کیلئے UT بھر میں تشہیری مہم چلائیں۔
اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، کابینی وزراء سکینہ ایتو، جاوید احمد رانا اور جاوید احمد ڈار کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

نشہ

ہمارے سماج کو ان دنوں جن بڑے مسائل کا سامنا ہے اُن میں نشے کی لعنت سرفہرست ہے۔ ملکی سطح پر اس لعنت کا قلع قمع کرنے کیلئے نشہ مکت ابھیان کے تحت کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

----Byte (PM)----

ادھر جموں و کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ اس حوالے سے شعبہ خبر نے کشمیر یونیورسٹی میں ایجوکیشنل ملٹی میڈیا ریسرچ سینٹر کے سینئر پروڈیوسر ڈاکٹر طارق نعیم کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

----Byte (Dr. Tariq Nayeem)--

پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی جنگ جاری رکھتے ہوئے آج اننت ناگ اور سوپور سے 6 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے اُن سے کچھ مقدار میں نشیلی ادویات ضبط کی ہیں۔

امت شاہ

داخلی امور اور کواپریشن کے مرکزی وزیر امت شاہ کل نئی دلی میں ڈرگ ٹریفیکنگ اور قومی سلامتی سے متعلق ایک علاقائی کانفرنس کی صدارت کریں گے۔ نارکوٹکس کنٹرول بیورو کی طرف سے منعقد کی جارہی اس کانفرنس میں شمالی بھارت کی آٹھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی طرف خصوصی توجہ دی جائے گی۔

جتیندر سنگھ

بھارتی محکمہ موسمیات کے ایک سو 50 سال مکمل ہونے پر 14 جنوری کو ایک تقریب منعقد ہو رہی ہے جس کی صدارت وزیر اعظم نریندر مودی کریں گے۔

اس سلسلے میں آج کنونشن سینٹر جموں میں مرکزی وزیر مملکت جتیندر سنگھ کی صدارت میں ایک ورکشاپ منعقد ہوا، جس میں محکمہ موسمیات کی حصولیابیوں اور کامیابیوں کو اُجاگر کیا گیا۔

ٹنل رپورٹ

سرینگر-لیہہ قومی شاہراہ پر گاڑیوں کی آواجائی میں آسانی اور معقولیت لانے کیلئے تعمیر کی گئی اہم سونمرگ ٹنل کا عنقریب ہی افتتاح کیا جارہا ہے۔ گگن گیر کے مقام پر تمام جدید سہولیات سے لیس اس تعمیر کے افتتاح کے بعد گگن گیراور سونہ مرگ کے درمیان سفر کا وقت بیس سے پچیس منٹ تک کا رہ جائے گا۔ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے حال ہی میں اس ٹنل کو وادی کی سرمائی سیاحت کیلئے کلیدی نوعیت کا پروجیکٹ قرار دیا۔ پیش ہے آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ۔

..................V/o......(Tariq Rather)..........

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔
خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

ہندی دِوس

آج عالمی ہندی دیوس منایا جارہا ہے۔ یہ دن منانے کا بنیادی مقصد عام لوگوں میں ہندی زبان کی اہمیت کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اس زبان کو تحفظ دینے نیز اس کی ترویج کیلئے اقدامات کو بھی عام لوگوں تک پہنچانا ہے۔
عالمی ہندی دِوس کی اہمیت اور کشمیر میں اسکی افادیت کے حوالے سے جب ہم نے کشمیر یونیورسٹی میں شعبہ ہندی کی سربراہ پروفیسر روبی زُتشی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے۔

----------Byte----------

ایل.جی

دریں اثنا لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ہندی دیوس کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ ہندی صرف ہماری زبان نہیں ہے بلکہ یہ ثقافتی شناخت اور سماجی یکجہتی کو برقرار رکھنے کیلئے ایک پل کا کام کرتی ہے۔ لیفٹننٹ گورنر نے دیگر تمام مادری زبانوں کے ساتھ ساتھ ہندی کو تحفظ دینے اور اس کی ترویج پر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سُریندر چودھری نے آج مولانا آزاد اسٹیڈیم جموں کے انڈور اسٹیڈیم کمپلیکس میں نیشنل ایرو بِک جمناسٹک چمپیئن شپ کا افتتاح کیا۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت یوٹی میں کھیل ڈھانچے کو مزید فروغ دینے کیلئے مناسب اقدامات کررہی ہے۔

اس چمپیئن شپ میں 20 ریاستوں اور مرکزی انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے 5 سو سے زیادہ ایتھلیٹ شرکت کررہے ہیں۔ چمپیئن شپ 13 جنوری کو ختم ہوگی۔ افتتاحی رسم کے موقعے پر وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔

اے سی بی

جموں وکشمیر کے انسداد رشوت خوری سے متعلق بیورو ACB نے آمدن کے مقابلے میں غیر متناسب اثاثے اور جائیداد جمع کرنے کی پاداش میں سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کے چیف فائنانشل آفیسر ساجد یوسف بٹ اور ایگزیکیٹو انجینئر ظہور احمد ڈار کے خلاف ایک معاملہ درج کیا ہے۔ اس سلسلے میں میڈیا کو تفصیلات دیتے ہوئے انٹی کورپشن بیورو کے AIG ہیڈکوارٹرس عبدل وحید شاہ نے کہا۔

-----Byte (Abdul Waheed Shah)

ڈیفنس ڈے

آج آرمی ائر ڈیفنس دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن ہر برس 1994 سے 10 جنوری کو آرمی ائر ڈیفنس کے یوم تاسیس کے طور پر منایا جاتا ہے۔ چیف آف آرمی سٹاف جنرل اوپیندر دیویدی نے آرمی ائر ڈیفنس کے 32 ویں کور دن کے موقعے پر بھارتی فوج کے تمام افسروں اور اہلکاروں کے ساتھ ساتھ ان کے کنبوں اور سابق فوجیوں کو مبارکباد دی ہے۔ ادھر بھارتی فوج کے چنار کور نے بھی 32 ویں آرمی ائر ڈیفنس ڈے کے موقعے پر فوج کے تمام اہلکاروں اور افسروں نیز ان کے کنبوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں چنار کور نے کہا کہ ائر ڈیفنس کے بہادر جوان بہادری کے ساتھ قوم کی خدمت کرتے ہیں اور ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

حنا شفیع

کھادی و ولیج اینڈ انڈسٹریز بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر حنا شفیع بٹ نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران روزگار پیدا کرنے والے پروگراموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے دوارن 2 ہزار 27 کیسوں کے حق میں 42 کروڑ روپے کی مارجن منی سے واگذار کی گئی۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے خواتین سے کہا ہے کہ وہ جموں کشمیر میں آنے والے پنچایتی اور شہری بلدیاتی انتخابات میں تبدیلی کے اہم کارندوں کے طور پر کام کریں۔ کٹھوعہ ضلع میں آج ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی، خواتین کو سیاسی و سماجی طور با اختیار بنانے کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

پی ڈی پی

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ ریل کے ذریعے کشمیر آنے والے یا کشمیر سے باہر جانے والے مسافروں کو کٹرہ میں ٹرین نہ بدلنا پڑے۔ ایک بیان میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری خورشید عالم نے کہا کہ کٹرہ میں مسافروں کو روک کر دوسری ریل گاڑی کے ذریعے اپنی منزلوں تک روانہ کرنے سے بقول ان کے لوگوں کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بی جے پی

جموں و کشمیر بھارتیہ جنتا پارٹی کے سیکریٹری ایودھیا گپتا نے آج اکھنور میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے تنظیمِ امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ سموِدھان گورو ابھیان میں شدت لاکر لوگوں کو ملک کے آئین کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں۔

یوگی

اُتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج اُتر پردیش کے شہر پریاگ راج میں آکاشوانی کے کنبھ وانی چینل، جو مہا کنبھ 2025 کیلئے وقف ہے، کو شروع کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ کنبھ وانی نہ صرف اپنی مقبولیت کی اونچائیوں پر پہنچے گا بلکہ مہا کنبھ کے جذبے کو ان دور دراز کے گاؤں تک پہنچائے گا جہاں لوگ خواہش کے باوجود اس میلے میں شرکت نہیں کر سکتے ہیں۔

حادثہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ پر بیٹری چشمہ کے نزدیک کل دیر رات گئے پیش آئے ایک دلدوز سڑک حادثے میں بارہمولہ ضلع سے تعلق رکھنے والے دو بھائی اس وقت جان بحق ہو گئے جب لوہے سے لدھا ایک ٹرک سڑک سے لڑھک کر گہری کھائی میں جا گرا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 8 اعشاریہ 5 ڈگر یسیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 15 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 37 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ۔